
اردو/Urdu

The Scottish Parliament
Pàrlamaid na h-Alba

# اسکاٹش پارلیمنٹ کو آپ کی خدمت کے قابل بنانا



اگر آپ کے پاس ایسے مسائل ہیں جن کے بارے میں آپ شدت سے محسوس کرتے ہیں تو آپ کے خیالات کو عام کرنے کے بہت سارے طریقے ہیں۔ اس کتابچہ سے آپ کو اسکاٹش پارلیمنٹ اور اس بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے میں مدد ملے گی کہ آپ کس طرح شامل ہوسکتے ہیں۔



اسکاٹش پارلیمنٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا آسان ہے۔ آپ تشریف لاکر نمائش کا دورہ کرسکتے ہیں، گائڈ کے ساتھ سیر کرسکتے ہیں یا بچوں کے کوئز میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**1999**

1 جولائی
اسکاٹش پارلیمنٹ
کا رسمی افتتاح

**2000**

28 ستمبر
ممبران کا پہلا بل پاس کیا گیا: سی فشریز (شیلفش) ترمیمی (اسکاٹ لینڈ) بل

**2001**

4 اکتوبر
کمیٹی کا پہلا بل پاس کیا گیا: بدسلوکی سے تحفظ (اسکاٹ لینڈ) کا بل

**2002**

28-30 مئی
ابرڈین میں اسکاٹش پارلیمنٹ کی میٹنگ ہوئی

**2003**

1 مئی
اسکاٹش پارلیمنٹ کا دوسرا الیکشن: نسبتا چھوٹی پارٹیوں سے اور اسکاٹش پارلیمنٹ کے آزاد ممبران (MSP) کی حیثیت سے مزید MSP کا انتخاب کیا گیا

## اسکاٹش پارلیمنٹ کی مدت کی حد 1999-2009

# کیوں کر شامل ہوں؟

اسکاٹش پارلیمنٹ ایسے قوانین بناتی اور ایسے فیصلے کرتی ہے جو آپ کی زندگی کے بہت سے پہلوؤں کو متاثر کرتے ہیں۔ وہ معاملات جنہیں اسکاٹش پارلیمنٹ سلجھا سکتی ہے مفوضہ امور کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- زراعت، جنگل بانی اور ماہی پروری
- تعلیم اور تربیت
- ماحول
- صحت اور سماجی امور سے متعلقہ خدمات
- ہاؤسنگ
- قانون و انتظام
- مقامی حکومت
- کھیل اور فنون
- سیاحتی اور اقتصادی ترقی
- نقل و حمل

کچھ ایسے معاملات جو اسکاٹ لینڈ کو متاثر کرتے ہیں لندن میں مملکت متحدہ (یوکے) کی پارلیمنٹ کے ذریعہ سلجھائے جاتے ہیں۔ انہیں محفوظ امور کی حیثیت سے جانا جاتا ہے اور ان میں دفاع، قانون ملازمت، علم جینیات، مہاجرت اور قومیت، بین الاقوامی امور، وظیفے اور سماجی تحفظ جیسے امور شامل ہیں۔ محفوظ امور پر اگرچہ صرف مملکت متحدہ کی پارلیمنٹ ہی قوانین پاس کرسکتی ہے لیکن متعلقہ امور کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لئے اسکاٹش پارلیمنٹ ان پر بحث و مباحثے کرسکتی ہے۔

اس بارے میں مدد فراہم کرنے کی خاطر کہ اسکاٹش پارلیمنٹ آپ کے لئے زیادہ مؤثر ڈھنگ سے کام کرے اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران کے لئے ان امور پر آپ کے خیالات کو جاننا ضروری ہے جو آپ کو متاثر کرتے ہیں۔

**2004**
23 اپریل
پارلیمنٹ کانفرنس
میں پہلا بزنس

**2005**
26-24 اگست
سیاست کا پہلا تہوار

**2006**
3 اکتوبر
1000 عوامی عرضیاں
درج کی گئیں

**2007**
3 مئی
اسکاٹش پارلیمنٹ کا تیسرا
الیکشن: پہلی اقلیتی حکومت
تشکیل دی گئی

**2008**
اکتوبر تک
1.5 ملین لوگ ہولیروڈ میں واقع
اسکاٹش پارلیمنٹ کی نئی عمارت
کا دورہ کرچکے تھے

**2009**
1 جولائی
اسکاٹش پارلیمنٹ کے
رسمی افتتاح کی
10ویں سالگرہ

# کلیدی حقائق:
# پارلیمنٹ اور حکومت

اسکاٹش پارلیمنٹ اور اسکاٹش حکومت الگ الگ ادارے ہیں اور وہ مختلف کردار ادا کرتے ہیں۔

## اسکاٹش پارلیمنٹ

- اسکاٹ لینڈ کے لوگوں کی طرف سے منتخب کردہ 129 اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران پر مشتمل ہے
- اسکاٹ لینڈ کے اندر مفوضہ امور کے لئے قانون ساز مجلس ہے
- پاؤنڈ میں 3 پنس تک انکم ٹیکس کو بڑھانے یا کم کرنے کا اختیار رکھتی ہے
- اہم معاملات پر تفتیش اور بحث و مباحثہ کراسکتی ہے
- اسکاٹش حکومت سے جواب طلب کرسکتی ہے

## اسکاٹش حکومت

- اسکاٹش پارلیمنٹ کو جوابدہ ہے
- اولین وزیر، کابینی سکریٹریوں اور وزراء پر مشتمل ہوتی ہے جو اس پارٹی کے MSP ہوتے ہیں جس نے الیکشن جیتا ہے
- مفوضہ امور پر پالیسی تیار کرتی اور نافذ کرتی ہے اور اسکاٹش پارلیمنٹ کے ذریعہ زیر غور لائے جانے والے زیادہ تر بل کو متعارف کراتی ہے
- مختلف عوامی اداروں کی نگرانی کرتی ہے اور اسکاٹ لینڈ میں مفوضہ امور پر عوامی خرچ سے متعلق فیصلے کرتی ہے

# کلیدی حقائق:
# الیکشن اور MSPs

اسکاٹش پارلیمنٹ انتخابات کے ذریعہ اسکاٹ لینڈ کے لوگوں کو جوابدہ ہے۔ اسکاٹش پارلیمنٹ کا الیکشن عام طور پر 4 سال میں ہوتا ہے۔

اسکاٹش پارلیمنٹ کے الیکشن میں متناسب نمائندگی کی ایک شکل استعمال ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی الیکشن کے بعد ہر پارٹی کو سیٹوں کا جو حصہ ملتا ہے وہ رائے دہندگان کے مابین بہت حد تک تعاون کی سطح کی عکاسی کرتا ہے۔

یہاں 73 حلقۂ انتخاب کے MSP اور 56 علاقائی MSP ہیں۔


اسکاٹش پارلیمنٹ میں بروقت پانچ سیاسی جماعتوں کی نمائندگی ہے۔ یہاں ایک آزاد MSP بھی ہے۔

**اسکاٹ لینڈ میں ہر شخص کی نمائندگی 8 MSP کرتے ہیں: ایک اس حلقۂ انتخاب کا جس میں وہ رہتے ہیں اور 7 وسیع تر علاقہ کے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کی نمائندگی کون کرتا ہے آپ ویب سائٹ**

**www.scottish.parliament.uk/msp**

**پر پوسٹ کوڈ تلاش کرنے کی سہولت کا استعمال کرسکتے ہیں۔**

**آپ اپنے 8 MSP میں سے کسی سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔**





**علاقے**

- هائی لینڈز اور آئی لینڈز (بالائی علاقے اور جزیرے)
- شمال مشرقی اسکاٹ لینڈ
- وسطی اسکاٹ لینڈ اور فائف
- اسکاٹ لینڈ کا مغربی حصہ
- گلاسگو
- لوتھینس
- وسطی اسکاٹ لینڈ
- اسکاٹ لینڈ کا جنوبی حصہ

یہ نقشہ اسکاٹ لینڈ کے 73 حلقۂ انتخاب اور 8 علاقوں کو دکھاتا ہے۔







# مزید معلومات حاصل کرنے کے 10 طریقے

### 1. اسکاٹش پارلیمنٹ کی عمارت کا دورہ کریں

آپ پارلیمنٹ کی تاریخ اور آرائشی کام پر نمائش کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ آپ (دستیابی کی شرط پر) بحث و مباحثہ چیمبر کی عوامی گیلری کا بھی دورہ کر سکتے ہیں۔ دیگر دستیاب سہولیات میں شامل ہیں ایک کیفے، دوکان اور ایک مفت عوامی دار الاطفال (کریچ)۔



### 2. پارلیمانی بزنس میں شرکت کرنے کے لئے مفت ٹکٹ حاصل کریں

بحث و مباحثہ چیمبر میں بحث و مباحثہ اور وقفۂ سوال کی نشستوں کو دیکھنے کے لئے ٹکٹ دستیاب ہیں۔ آپ کمیٹی کی میٹنگ میں شرکت کرنے کے لئے بھی ٹکٹ حاصل کرسکتے ہیں۔

### 3. آن لائن بحث و مباحثہ دیکھیں


آپ ویڈیو پوڈ کاسٹ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا بحث و مباحثہ چیمبر میں یا www.holyrood.tv پر ہولیروڈ ٹی وی پر کمیٹی میں آن لائن براہ راست بزنس دیکھ سکتے ہیں۔

### 4. اپنے MSP سے اپنے کمیونٹی گروپ کا دورہ کرنے کی درخواست کریں

آپ اس بارے میں بات کرنے کے لئے کہ آپ کے MSP آپ کی نمائندگی کیسے کرتے ہیں اور وہ آپ کے لئے کیا کرسکتے ہیں انہیں دعوت دے سکتے ہیں۔

### 5. گائڈ کے ساتھ ہولیروڈ کے ٹور میں شرکت کریں

ہولیروڈ کی عمارت اور اس بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے کہ پارلیمنٹ کس طرح کام کرتی ہے ایک ٹور میں شرکت کریں۔ ٹور میں عام طور پر بحث و مباحثہ چیمبر کی منزل اور ایک کمیٹی روم اور ساتھ ہی ساتھ گارڈن لابی شامل ہوتی ہے۔ آپ پارلیمنٹ کے فن پاروں کے مجموعہ کو بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔



> **معلوماتی کتابچے مختلف زبانوں اور صورتوں میں دستیاب ہیں۔ پارلیمنٹ پورے طور پر قابل رسائی ہے اور آپ کے سوالات کا جواب دینے کے لئے عملہ دستیاب ہے۔**



## 6. اسکاٹش پارلیمنٹ کے کسی پروگرام میں شرکت کریں

یہاں سیاست کے تہوار اور کھلے ایام کے حصہ کے طور پر چلنے والی مشارکتی نشستیں اور ورکشاپ ہیں اور اسکاٹش پارلیمنٹ کے کام اور اس بات کی وضاحت کرنے کے لئے کہ کس طرح شامل ہوں پورے سال پروگرام چلتے رہتے ہیں۔

## 7. درج ذیل چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے اسکاٹش پارلیمنٹ کی ویب سائٹ (www.scottish.parliament.uk) کا جائزہ لیں:

- پارلیمنٹ میں کیا ہو رہا ہے
- پارلیمنٹ کس طرح کام کرتی ہے
- اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران (MSPs)
- پارلیمنٹ کا دورہ کرنا اور اس کے ساتھ باہمی تعامل کرنا
- پارلیمانی بزنس

## 8. اپنے مقامی شریک کار کتب خانہ میں جائیں

اسکاٹ لینڈ میں ہر حلقۂ انتخاب کے اندر اسکاٹش پارلیمنٹ کے سیکشن کے ساتھ ایک شریک کار کتب خانہ ہے۔ سبھی انٹرنیٹ کی سہولتیں فراہم کرتے ہیں اس لئے آپ اسکاٹش پارلیمنٹ کی ویب سائٹ تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں یا اپنے MSP کو ای میل کرسکتے ہیں۔ کچھ کے پاس اسکاٹش پارلیمنٹ کی دستاویزات کی نقلیں بھی ہوسکتی ہیں۔

## 9. مزید معلومات کے لئے عوامی معلومات کو لکھیں، فون یا ای میل کریں

اپنے MSP کی فہرست وصول کرنے، معلوماتی پیک طلب کرنے یا اسکاٹش پارلیمنٹ کے بارے میں سوال کرنے کے لئے آپ اپنے پوسٹ کوڈ کو لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کچھ دریافت کرنا چاہتے ہیں تو عوامی معلومات کو ای میل کرنے کے ساتھ ساتھ لکھ یا فون بھی کرسکتے ہیں۔

## 10. ہمارے تعلیمی پروگرام میں حصہ لیں

اسکولی گروپ تعلیمی مرکز میں تعاملی نشست بک کرسکتے ہیں۔ اس میں عمارت کا جائزہ اور اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران سے، اگر وہ دستیاب ہوں، ملاقات شامل ہے۔

متبادل طور پر، آپ وسیع تر تعلیمی عملہ کو دعوت دے سکتے ہیں کہ وہ آئیں اور آپ کے اسکول میں سرگرمی نشست کو خطاب کریں - خواہ آپ اسکاٹ لینڈ میں کہیں بھی ہوں!



# شامل ہونے کے 10 طریقے

**1. اسکاٹش پارلیمنٹ کے الیکشن میں ووٹ دیں**

ووٹ دینا جمہوری عمل کا ایک لازمی جز ہے۔ ووٹ دینے کے لئے ضروری ہے کہ آپ رائے دہندگان کے رجسٹر میں اپنا نام درج کرائیں، مملکت متحدہ، دولت مشترکہ، یورپی یونین یا جمہوریہ آئرلینڈ کے شہری ہوں اور 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں۔

**2. کسی مسئلہ کے بارے میں اپنے کسی MSP کو لکھیں، ای میل یا ٹیلیفون کریں**

آپ کسی باعث فکر معاملہ کو اپنے کسی MSP کے سامنے اٹھا سکتے ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کا MSP کون ہے عوامی معلومات سے رابطہ کریں یا پارلیمنٹ کی ویب سائٹ سے رجوع کریں۔

**3. کسی مقامی سرجری میں کسی MSP سے بات کریں**

آپ ایک ایک کی بنیاد پر اپنے MSP سے مل سکتے ہیں اور مقامی سرجری میں اپنے معاملات پر گفتگو کرسکتے ہیں۔ سرجریاں وہ میٹنگیں ہیں جو حلقۂ انتخاب کے دفاتر میں یا کمیونٹی سنٹر جیسی جگہوں میں برابر منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ تفصیلات کے لئے اپنے MSP سے رابطہ کریں۔



**4. کسی کمیٹی کی طرف سے ثبوت کے لئے کال کا جواب دیں**

کمیٹیوں کا مقصد جمہوری عمل میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل کرنا ہوتا ہے۔ ثبوت کے لئے کسی کال کا جواب دے کر آپ قانون سازی یا اسکاٹش حکومت کی پالیسیوں پر اثرانداز ہوسکتے ہیں۔ کسی انکوائری یا بل پر ثبوت کے لئے کال کے جواب میں آپ کمیٹی کو لکھ سکتے ہیں۔

**5. کمیٹی کے پروگراموں میں شرکت کریں**

عوامی مسائل پر بات کرنے کے لئے پورے اسکاٹ لینڈ میں کمیٹی کے پروگرام منعقد ہوتے ہیں۔ آپ پارلیمنٹ کی ویب سائٹ پر یا اپنے مقامی اخبار میں منصوبہ بند دوروں کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں۔



**6. کسی کراس پارٹی گروپ (CPGs) میں شامل ہوں**

CPG میں شامل ہوکر آپ MSP اور ایسے دیگر افراد اور تنظیموں سے مل سکیں گے جو ایک جیسے معاملے یا مفاد رکھتے ہیں۔

### 7. عوامی عرضی داخل کریں

کسی قومی عوامی مفاد کے معاملہ یا تشویشناک امر پر غور کرنے یا موجودہ قوانین میں ترمیم کرنے یا نئے قوانین کو متعارف کرانے کی خاطر پارلیمنٹ سے درخواست کرنے کے لئے آپ عوامی عرضی داخل کرسکتے ہیں۔ زیادہ لوگوں کو متوجہ کرنے کے لئے الیکٹرانک عرضی کے نظام کے ذریعہ آپ آن لائن عرضی داخل کرسکتے ہیں۔



### 8. آن لائن عوامی عرضی کی تائید میں اپنے نام کا اضافہ کریں

ایک الیکٹرانک عرضی میں اپنے نام کا اضافہ کرنے کے لئے آپ الیکٹرانک عرضی کے ویب صفحہ تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں جس سے آپ کو فائدہ ہوگا یا http://epetitions.scottish.parliament.uk پر ایک آن لائن مباحثہ میں حصہ لیں۔

### 9. کسی معاملہ کے تعلق سے معلوماتی مظاہرہ یا پروگرام منعقد کرنے کے لئے، کسی MSP کی تائید کے ساتھ، درخواست دیں

پروگرام اور معلوماتی مظاہرے مسائل سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کے لئے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ آپ اپنے کسی MSP سے یا 0131 348 6933 پر پروگرام اور نمائش کی ٹیم سے رابطہ کرکے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

### 10. الیکشن کے لئے کھڑے ہوں

اگر آپ 18 سال سے زیادہ عمر کے ہیں اور مملکت متحدہ، دولت مشترکہ یا جمہوریہ آئرلینڈ یا یورپی یونین کے ایسے شہری ہیں جو مملکت متحدہ میں مقیم ہیں تو ایک MSP کی حیثیت سے آپ الیکشن میں کھڑے ہوسکتے ہیں۔ ایک MSP کسی مخصوص پارٹی کی نمائندگی کرسکتا ہے یا آزاد ہوسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے دیکھیں: www.electoralcommission.org.uk

**الیکٹرانک عرضی کے لئے کسی آن لائن مباحثہ فورم میں حصہ لینا آپ کے خیالات کو عام کرنے اور کسی قومی عوامی معاملہ پر دوسرے لوگوں کے ساتھ شامل ہونے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔ یہ کسی معاملہ پر کوشش کرنے اور سوچ پر اثر انداز ہونے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔**



# چند الفاظ کی وضاحت

**امیدوار** ایک ایسا شخص جو کسی سیاسی جماعت کے رکن یا ایک آزاد فرد کی حیثیت سے الیکشن کے لئے کھڑا ہوتا ہے۔

**بحث و مباحثہ** MSP کے مابین ہونے والا ایک مباحثہ جو اکثر رائے دہی (ووٹ) کا باعث بنتا ہے۔ بحث و مباحثے عام طور پر بحث و مباحثہ چیمبر میں ہوتے ہیں۔

**بل** تجاویز کا ایک ایسا مجموعہ جو اسکاٹش پارلیمنٹ سے پاس ہوجانے کی صورت میں قانون بن سکتا ہے۔

**حلقۂ انتخاب** اسکاٹ لینڈ الیکشن کے لئے 73 مقامی علاقوں میں منقسم ہے؛ ہر علاقے کو حلقۂ انتخاب کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔ ہر حلقۂ انتخاب میں ایک MSP کا انتخاب کیا جاتا ہے، جسے حلقۂ انتخاب کے MSP کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

**سرجری** MSP کے ذریعہ ان کے حلقۂ انتخاب یا علاقہ میں کمیونٹی ہال، کتب خانہ یا سپر مارکیٹ جیسی کسی مقامی جگہ میں منعقد کی جانے والی مستقل میٹنگیں۔ اپنے MSP سے ایک ایک کی بنیاد پر مسائل کے تعلق سے بات کرنے کے لئے آپ ان میں شرکت کرسکتے ہیں۔

**علاقہ** اسکاٹ لینڈ الیکشن کے لئے نسبتا زیادہ بڑے 8 خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے؛ ہر خطہ کو علاقہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ہر علاقہ میں 7 اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران منتخب کئے جاتے ہیں، جو علاقائی MSP کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

**عوامی عرضی** کسی شخص یا لوگوں کی ایک جماعت کی طرف سے دستخط شدہ ایک بیان جو کسی مخصوص مسئلہ یا قانون کے تعلق سے کچھ کرنے کی درخواست کرتے ہوئے پارلیمنٹ کو سونپی گئی ہو۔

**کراس پارٹی گروپ** مختلف جماعتوں، آزاد MSP اور افراد اور پارلیمنٹ کے باہر کی تنظیموں پر مشتمل ایک گروپ۔ وہ کسی موضوع یا مسئلہ کے ضمن میں یکساں مفاد کے حامل ہوتے ہیں۔

**کمیٹی** کمیٹی اسکاٹش پارلیمنٹ کے ممبران کا ایک چھوٹا گروپ ہے جو مخصوص مسائل پر تفصیل سے غوروخوض کرتا ہے۔ MSP پارلیمنٹ میں مختلف سیاسی جماعتوں اور آزاد MSP کے توازن کی عکاسی (نمائندگی) کرنے کے لئے منتخب کئے جاتے ہیں۔

**ہولیروڈ** اسکاٹش پارلیمنٹ کو اکثر ہولیروڈ کے حوالے سے جانا جاتا ہے کیونکہ یہ ایڈنبرا میں وہ علاقہ ہے جہاں یہ واقع ہے۔ رسمی طور پر ہولیروڈ میں اسکاٹش پارلیمنٹ کی عمارت کا افتتاح 9 اکتوبر 2004 کو ہوا تھا۔

**MSP** اسکاٹش پارلیمنٹ کا ممبر۔ MSP وہ افراد ہیں جو اسکاٹ لینڈ میں لوگوں کی خدمت کرنے اور اسکاٹش پارلیمنٹ میں لوگوں کی نمائندگی کرنے کے لئے منتخب کئے جاتے ہیں۔



# زبانیں اور صورتیں

Tha a' bhileag seo ri faighinn ann an grunn chruthan is chànanan. Cuir fios gu Seirbhis Fiosrachaidh a' Phobaill airson lethbhreacan.



يرجى الاتصال بخدمة تقديم المعلومات للجمهور إن كنتم بحاجة إلى ترجمة أو إلى خدمات مترجم شفهي لتمكينكم من الانخراط والمشاركة في عمل مجلس النواب الاسكتلندي. يمكنكم الكتابة إلينا بأية لغة.

স্কটিশ পার্লামেন্টের কাজকর্মে শরীক হওয়ার জন্য আপনার অনুবাদের দরকার হলে বা একজন বাঙালী ইন্টারপ্রিটারের সাহায্য চাইলে দয়া করে পাবলিক ইনফর্মেশন (Public Information) এর সাথে যোগাযোগ করুন। তাছাড়া আপনি যে কোনো ভাষায় আমাদের কাছে চিঠি লিখতে পারেন।



Osoby chcące zaangażować się w działalność Parlamentu Szkockiego i pragnące otrzymać tłumaczenia dokumentów lub pomoc tłumacza ustnego, prosimy o kontakt z działem Public Information. Korespondencję można nadsyłać w dowolnym języku.

ਸਕੌਟਲੈਂਡ ਦੇ ਪਾਰਲੀਮੈਂਟ ਦੀ ਕਾਰਜਕਾਰੀ ਵਿੱਚ ਭਾਗ ਲੈਣ ਲਈ ਜੇ ਤੁਹਾਨੂੰ ਅਨੁਵਾਦ ਜਾਂ ਦੋਭਾਸੀਏ ਦੀਆਂ ਸੇਵਾਵਾਂ ਚਾਹੀਦੀਆਂ ਹਨ ਤਾਂ ਕਿਰਪਾ ਕਰਕੇ ਜਨਤਕ ਜਾਣਕਾਰੀ (Public Information) ਨਾਲ ਸੰਪਰਕ ਕਰੋ। ਤੁਸੀਂ ਸਾਨੂੰ ਕਿਸੇ ਵੀ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿੱਚ ਲਿੱਖ ਸਕਦੇ ਹੋ।

如欲索取文件的中文翻譯本，或要求取得口譯員的協助，以參與蘇格議會的工作，請聯絡公共資訊部門 (Public Information)；用任何語文寫信給我們均可。



سکاٹش پارلیمنٹ کے کام میں حصہ لینے کے لئے اگرآپ کو ٹرانسلیشن (ترجمہ) یا انٹرپریٹر (مترجم) کی خدمات درکار ہیں تو براہ مہربانی ہماری پبلک انفارمیشن (دفترمعلومات عامہ) سے رابطہ قائم کریں۔ آپ ہمیں کسی بھی زبان میں لکھ سکتے ہیں۔

# رابطہ کی تفصیلات

## عوامی معلومات

عوامی معلومات آپ کو اسکاٹش پارلیمنٹ کے کام، رکنیت اور کارروائیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔

پتہ
Public Information
The Scottish Parliament
Edinburgh
EH99 1SP

ٹیلیفون **0131 348 5000**
**0800 092 7500** (پبلک انکوائری)

ٹیکسٹ فون استعمال کرنے والے ہم سے **0800 092 7100** پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ ہم RNID ٹائپ ٹاک خدمت کا استعمال کرتے ہوئے کالوں کا خیر مقدم بھی کرتے ہیں۔

فیکس **0131 348 5601**
ٹیکسٹ **07786 209 888**

ای میل **sp.info@scottish.parliament.uk**
ویب سائٹ **www.scottish.parliament.uk**

## خدمات برائے زائرین

خدمات برائے زائرین سے آپ کو ٹکٹ بک کرانے، گائڈ کے ساتھ ٹور یا گروپ کی صورت میں دورے کا نظم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

پتہ
Visitor Services
The Scottish Parliament
Edinburgh
EH99 1SP

ٹیلیفون **0131 348 5200**
**0800 092 7600**

ٹیکسٹ فون استعمال کرنے والے ہم سے **0800 092 7100** پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ ہم RNID ٹائپ ٹاک خدمت کا استعمال کرتے ہوئے کالوں کا خیر مقدم بھی کرتے ہیں۔

فیکس **0131 348 5601**
ای میل **sp.bookings@scottish.parliament.uk**
ویب سائٹ **www.scottish.parliament.uk**

دار الاطفال میں جگہ بک کرانے کے لئے برائے مہربانی **0131 348 6192** پر ٹیلیفون کریں یا **creche@scottish.parliament.uk** پر ای میل کریں۔



پارلیمانی کاپی رائٹ: © اسکاٹش پارلیمنٹری کارپوریٹ باڈی 2008۔

برائے مہربانی یاد رکھیں کہ اسکاٹش پارلیمنٹ خارجی ویب سائٹوں کے مواد کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔

پہلا ایڈیشن، جنوری 2009

مملکت متحدہ میں احتیاط سے منظم کئے جانے والے اور بحال کئے گئے جنگلات سے حاصل ہونے والے پلپ سے تیار کردہ کاغذ پر شائع کیا گیا جو پورے طور پر ری سائیکل کئے جانے کے قابل ہے۔ استعمال کی جانے والی روشنائی پٹسن کے بیج کا تیل استعمال کرتے ہوئے سبزی پر مبنی ہے۔

18972/03.09/1k